# رفحان میظ پراڈکٹس کمپنی لمیٹڈ

## رکھ کینال ایسٹ روڈ، فیصل آباد

# اطلاع اجلاس

بذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ رفحان میظ پراڈکٹس کمپنی لمیٹڈ کے حصہ داران کا ۱۳۶واں اجلاس عام (غیر معمولی) بروز جمعرات، ۵ ستمبر ۲۰۲۴ء سہ پہر ۳:۰۰ بجے بمقام کمپنی کے ہیڈ آفس رکھ کینال ایسٹ روڈ، فیصل آباد میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا:

کمپنی کے گیارہ (۱۱) ڈائریکٹران کا انتخاب کرنا جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۵۹ کی شقوں کے مطابق ۷ ستمبر ۲۰۲۴ء سے شروع ہونے والی تین سالہ مدت کے لئے بورڈ کی جانب سے یہ تعداد مقرر کی گئی ہے۔

سبکدوش ہونے والے موجودہ اور نامزدگیاں داخل کرنے کے لئے اہل ڈائریکٹران کے نام درج ذیل ہیں:

۱۔ جناب مائیکل ایف۔ اوری آرڈن
۲۔ جناب حمیرا اعجاز
۳۔ جناب جیمز ڈی۔ گرے
۴۔ محترمہ تانیہ جیگر ڈی فوراس
۵۔ جناب مارسل ہرگیٹ
۶۔ جناب ذوالفقار منوں
۷۔ میاں ایم۔ عادل منوں
۸۔ جناب وصال اے۔ منوں
۹۔ جناب طاہر جاوید
۱۰۔ جناب کامران یوسف مرزا
۱۱۔ جناب عادل سعید خان

حسب الحکم بورڈ

**مصطفیٰ کمال زبیری**
کمپنی سیکریٹری

فیصل آباد:
۱۳ اگست، ۲۰۲۴ء

**نوٹ:**

۱۔ کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس ۳۰ اگست ۲۰۲۴ء تا ۵ ستمبر ۲۰۲۴ء (بشمول ہر دو یوم) بند رہیں گی اور اس دوران میں کوئی ٹرانسفر رجسٹریشن کے لئے قبول نہیں کی جائے گی۔

۲۔ ہر وہ ممبر جسے اجلاس میں شرکت کرنے، اظہار خیال کرنے اور ووٹ دینے کا حق حاصل ہے وہ دوسرے شخص کو اپنے بجائے شرکت کرنے، اظہار خیال کرنے اور ووٹ دینے کیلئے اپنے پراکسی کے طور پر مقرر کرنے کا حقدار ہوگا/ ہوگی، اور اس طرح مقرر کردہ پراکسی کو اجلاس میں شرکت کرنے، اظہار خیال کرنے اور ووٹ دینے کے سلسلے میں ایسے حقوق میسر ہوں گے جو ایک ممبر کو حاصل ہوتے ہیں۔ موثر العمل ہونے کیلئے پراکسیز اجلاس سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل کمپنی کو لازماً وصول ہو جائیں۔ پراکسی کے لئے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں۔ پراکسی کا فارم حصہ داران کو ارسال کیا جا رہا ہے۔

۳۔ حصہ داران سے درخواست ہے کہ پتہ میں کسی بھی تبدیلی، اگر کوئی ہو، کمپنی کے شیئرز رجسٹرار، میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک۔6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی کو فوری مطلع فرمائیں۔

۴۔ اجلاس میں شرکت کے خواہاں سی ڈی سی حصہ داران سے درخواست ہے کہ شناخت کیلئے اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ، اکاؤنٹ اور پارٹیسپنٹ کا آئی ڈی نمبر ہمراہ لائیں اور پراکسی کی صورت میں سی ڈی سی حصہ داران اپنے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقل منسلک کریں۔

۵۔ **ای ووٹنگ:** ممبران کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز ۲۰۱۸ء کی نافذ العمل شقوں کے مطابق اپنے ووٹ کا حق استعمال کر سکتے ہیں۔

۶۔ **ای ڈیویڈنڈ:** کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۴۲ کے تحت لسٹڈ کمپنیوں کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنے حصہ داران کو نقد منافع منقسمہ صرف بذریعہ الیکٹرونک طریقہ کار براہِ راست استحقاق کے حامل حصہ داران کی جانب سے نامزد کردہ ان کے بینک اکاؤنٹ میں جمع کرا دیں۔

اپنے بینک اکاؤنٹ میں براہِ راست منافع منقسمہ کی وصولی کے لئے حصہ داران سے درخواست ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ www.rafhanmaize.com پر دستیاب منافع منقسمہ کے درخواست فارم کو بھریں، دستخط کریں اور سی این آئی سی کی ایک کاپی کے ہمراہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فزیکل شیئرز ہونے کی صورت میں جمع کرا دیں۔ شیئرز کے سی ڈی سی کے پاس ہونے کی صورت میں فارم براہِ راست حصہ داران کے بروکر/ پارٹیسپنٹ/سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز کو جمع کرا دیا جائے۔

۷۔ **سی ڈی سی اکاؤنٹ میں فزیکل سرٹیفکیٹ کا جمع کرانا:** کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۷۲ کے مطابق ہر ایک لسٹڈ کمپنی کیلئے یہ لازم ہے کہ وہ کمیشن کی جانب سے اعلان کردہ تاریخ سے اور اس کے مروجہ طریقہ کار کے تحت اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری کی صورت میں اس ایکٹ کے آغاز سے زیادہ سے زیادہ ۴ سال کی مدت کے اندر تبدیل کر لے۔ فزیکل شیئرز کے حامل حصہ داران کی اس سلسلے میں بھرپور حوصلہ افزائی کی جائے گی کہ وہ اپنے فزیکل سرٹیفکیٹس کو سکرپ لیس صورت میں تبدیل کرانے کی غرض سے کسی بھی بروکرز کے پاس سی ڈی سی ضمنی اکاؤنٹ یا سی ڈی سی کے پاس براہِ راست انویسٹر اکاؤنٹ کھول لیں۔

۸۔ **ای او جی ایم میں شرکت:** ایس ای سی پی نے اپنے ۲۰۲۱ کے سرکلر نمبر ۴ مورخہ ۱۵ فروری ۲۰۲۱ کے تحت اجلاس عام میں بذریعہ الیکٹرونک طریقہ کار شرکت کیلئے ایک باقاعدہ طریقہ مرتب کیا ہے۔ ایس ای سی پی کی ہدایات کو مدنظر رکھتے ہوئے کمپنی یہ ای او جی ایم حصہ داران کی کم سے کم فزیکل شراکت کے ساتھ منعقد کرنے کا ارادہ رکھتی ہے جبکہ کورم کی شرائط پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے ساتھ اور ای او جی ایم میں ان کی شرکت کو پراکسیز کے ذریعے ممکن بنانے کیلئے ممبران کی درخواست پر عمل کیا جائے گا تاکہ ممبران کے تحفظ اور ان کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے۔

لہٰذا کمپنی نے تمام شرکت کنندگان بشمول حصہ داران کیلئے انتظامات کر لیے ہیں اور اب وہ وڈیو لنک کے ذریعے ای او جی ایم کی کارروائیوں میں شرکت کر سکیں گے۔ اس کیلئے ممبران اپنے ای میل، نام، فولیو نمبر اور اپنے پاس موجودہ شیئرز کی تعداد ''رجسٹریشن برائے رفحان ای او جی ایم'' کے عنوان سے ای میل ایڈریس corporate@rafhanmaize.com پر ارسال کر دیں۔ وڈیو لنک اور لاگ اِن کی تفصیلات صرف ان ممبران کو فراہم کر دی جائیں گی جن کے ای میلز جو تمام کوائف پر مبنی ہوں، ۳ ستمبر ۲۰۲۴ کو سہ پہر ۳:۰۰ بجے تک یا اس سے قبل دیئے گئے ای میل ایڈریس پر موصول ہو جائیں گے۔ ممبران کی ای او جی ایم میں بذریعہ وڈیو لنک شرکت یا پراکسیز کے ذریعے ان کی حاضری پوری کرنے کے عمل کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

**ڈائریکٹران کے انتخاب کے سلسلے میں کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن (۳)۱۶۶ کے تحت ضروری حقائق پر مشتمل بیان:**

- کوئی بھی ممبر جو الیکشن لڑنے کا/ کی خواہشمند ہو، ایک کیٹیگری کا انتخاب کر سکتا/ سکتی ہے جس میں وہ ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کا ارادہ رکھتا/ رکھتی ہو۔ کمپنی کے ڈائریکٹر کے انتخاب کے مقاصد کیلئے ووٹنگ درج ذیل تین (۳) کیٹیگریز میں الگ الگ سیٹوں کی مقررہ تعداد کے لئے کی جائے گی:

| نمبر شمار | کیٹیگری | سیٹوں کی تعداد |
|---|---|---|
| ۱ | خاتون ڈائریکٹر | ایک سیٹ |
| ۲ | انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز | ۳ سیٹیں |
| ۳ | دیگر ڈائریکٹرز | ۷ سیٹیں |
| | **ٹوٹل سیٹیں** | **۱۱ سیٹیں** |

- ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند کوئی بھی ممبر چاہے وہ سبکدوش ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا کوئی دیگر ممبر، اسے کمپنی کے پاس اس کے رجسٹرڈ دفتر میں مذکورہ اجلاس کی تاریخ سے کم از کم ۱۴ دن قبل درج ذیل دستاویزات جمع کرانی ہوں گی:
- کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن (۳) ۱۵۹ کی شرائط کے مطابق خود کو ڈائریکٹر کے انتخاب کیلئے پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس۔
- اپینڈیکس فارم۔۹ پر بحیثیت ڈائریکٹر کام کرنے کی رضامندی، جو امیدوار کی جانب سے باقاعدہ مکمل شدہ اور دستخط شدہ ہو، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن (۱) ۱۶۷ کے تحت ضروری ہے۔
- مفصل پروفائل بشمول دفتر کا پتہ کمپنی کی ویب سائٹ پر آویزاں کرنے کیلئے جو SRO 25(1)/2012 بابت ۱۶ جنوری ۲۰۱۲ء کی شرائط کے تحت الیکشن کی تاریخ سے سات (۷) یوم قبل تک درکار ہے۔
- اس سلسلے میں دستخط شدہ منظوری کہ وہ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے تحت ڈائریکٹرز کے فرائض اور اختیارات سے بخوبی واقف ہے اور کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی رول بک اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، ۲۰۱۹ اور دیگر متعلقہ قوانین اور ضوابط سے پوری طرح آگاہ ہے۔
- اس سلسلے میں دستخط شدہ منظوری کہ وہ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، ۲۰۱۹ میں درج شرائط اور اہلیت کے معیار پر عمل کرتے ہوئے لسٹڈ کمپنی کے ایک ڈائریکٹر/ انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹر کے طور پر تعینات کیا جائے گا۔
- کارآمد سی این آئی سی/ پاسپورٹ اور این ٹی این کی مصدقہ کاپی۔
- انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز کا تقرر کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۵۹ کی شرائط کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کے طریقہ کار کے تحت کیا جائے گا اور انہیں کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن (۲) ۱۶۶ میں درج اہلیت کے معیار پر پورا اُترنا ہوگا۔